درخواستیں مطلوب ہیں

دفتر ہذا میں درج ذیل آسامیاں خالی ہیں جن کے تقرر کیلئے مندرجہ ذیل قابلیت کے حامل افراد سے 16-04-2018 تک درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام آسامی	تعداد آسامی	ڈومیسائل	کم از کم تعلیمی قابلیت	حد عمر
1	سٹینو گرافر (BS-16)	04	پنجاب	گریجویشن معہ شارٹ ہینڈ سپیڈ 110 الفاظ فی منٹ، ٹائپنگ 50 الفاظ فی منٹ، کمپیوٹر جاننے والے کو ترجیح دی جائیگی۔	18 تا 25 سال
2	اسسٹنٹ لائبریرین (BS-16)	02	پنجاب	(I)۔ کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے لائبریری سائنس (سیکنڈ ڈویژن) میں گریجویشن، کمپیوٹر ایپلیکیشنز اور ان کے استعمال میں مہارت رکھتا ہو۔ (تعلیمی کیریئر میں 3rd ڈویژن نہ ہو)۔ (II)۔ لائبریری سائنس میں ماسٹر ڈگری ہولڈر (MLIS) (کم از کم 2nd ڈویژن) کو ترجیح دی جائیگی۔ (متعلقہ شعبہ میں ایک سالہ تجربہ کو ترجیح دی جائیگی۔)	18 تا 30 سال
3	بجٹ اینڈ اکاؤنٹس ایگزامنر (BS-14)	01	پنجاب	کسی بھی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے بی کام دوسرا ڈویژن، (Processing Basic Computer Course Like Microsoft Office etc.) اکاؤنٹس کے کام کا تجربہ رکھنے والے کو ترجیح دی جائیگی۔	18 تا 30 سال
4	ڈیٹا انٹری آپریٹر (BS-14)	13	پنجاب	گریجویشن (ترجیحاً کمپیوٹر سائنس) معہ کمپیوٹر کی بورڈ پر کم از کم 45wpm ٹائپنگ سپیڈ، آپریٹنگ سسٹم انسٹالیشن/رجسٹر ایم ایس آفس (مکمل) اور بنیادی کمپیوٹر ہارڈ ویئر میں مہارت رکھتا ہو۔ (متعلقہ تجربہ رکھنے والے امیدواران کو ترجیح دی جائیگی۔)	20 تا 28 سال
5	جونیئر کلرک (BS-11)	07	خوشاب	کسی بھی تسلیم شدہ بورڈ/ادارہ سے کم از کم انٹرمیڈیٹ سیکنڈ ڈویژن معہ ٹائپنگ سپیڈ 25 الفاظ فی منٹ اور کمپیوٹر جانتا ہو۔	18 تا 25 سال
6	کمپیوٹر ہارڈ ویئر ٹیکنیشن (BS-11)	03	خوشاب	انٹرمیڈیٹ (ایف اے، ایف ایس سی، آئی سی ایس) معہ ایک سالہ کمپیوٹر ہارڈ ویئر کا کسی مستند/تسلیم شدہ ادارے سے ڈپلومہ۔ کسی مستند ادارے میں ایک سال کا متعلقہ کام میں تجربہ (زیادہ تجربہ رکھنے والے امیدوار کو ترجیح دی جائیگی۔)	18 تا 25 سال
7	امام مسجد (BS-11)	01	پنجاب	وفاق المدارس/تنظیم المدارس سے منظور شدہ کسی ادارہ سے شہادت العالیہ فی العلوم العربیہ والاسلام (جید) یا کسی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے ایم اے اسلامیات/عربی کی ڈگری رکھتا ہو۔ یا (I)۔ مستند درس نظامی، (II) وفاق المدارس/تنظیم المدارس سے منظور شدہ کسی ادارہ سے مستند تجوید و قرأت۔ حافظ قرآن اور شادی شدہ افراد کو ترجیح دی جائیگی۔	18 تا 45 سال
8	کک (BS-05)	01	خوشاب	پرائمری/مڈل پاس۔ باورچی کا کام اچھے طریقے سے جانتا ہو۔ تجربہ کار امیدوار کو ترجیح دی جائیگی۔	20 تا 35 سال
9	نائب قاصد (BS-03)	02	خوشاب	مڈل پاس	18 تا 25 سال
10	مالی (BS-03)	01	خوشاب	پڑھنا لکھنا اور باغبانی کا کام بھی جانتا ہو۔	18 تا 25 سال
11	سینیٹری ورکر (BS-03)	01	خوشاب	پڑھنا لکھنا جانتا ہو اور متعلقہ کام میں مہارت رکھتا ہو۔	18 تا 25 سال
12	چوکیدار (BS-03)	01	خوشاب	پڑھا لکھا، صحت مند ہو، سابقہ ریٹائرڈ فوجی کو ترجیح دی جائیگی۔	25 تا 45 سال
13	ماشکی (BS-03)	01	خوشاب	پڑھنا لکھنا جانتا ہو اور متعلقہ کام میں مہارت رکھتا ہو۔	18 تا 25 سال

1)۔ 15% آسامیاں خواتین کوٹہ کے لئے مختص ہیں۔

2)۔ 5% آسامیاں اقلیتوں (غیر مسلموں) کے لئے مختص ہیں۔

3)۔ 3% آسامیاں معذور افراد کے لئے مختص ہیں۔ ان آسامیوں کیلئے درخواست دینے والے تمام امیدوار اپنی درخواست کے ساتھ مجاز اتھارٹی (Employment & Disable Person Rehabilitation Ordinance, 1981) کے تابع تشکیل کردہ بورڈ سے جاری کردہ معذوری کا سرٹیفکیٹ لف کریں۔

4)۔ جونیئر کلرک، نائب قاصد، مالی، ماشکی اور چوکیدار کی آسامیوں میں 20% آسامیاں سول و سیشن کورٹ خوشاب (BS-01 to BS-07) کے حاضر سروس و ریٹائرڈ ملازمین کے بچوں کے لئے مختص ہیں۔

5)۔ جونیئر کلرک کی آسامیوں میں 20% پروموشن کوٹہ برائے ملازمین سول و سیشن کورٹ خوشاب (BS-01 to BS-07) کے لئے مختص ہے۔

6)۔ مجاز اتھارٹی سیٹیں کم یا زائد کرنے کی مجاز ہوگی۔

7)۔ سرکاری و نیم سرکاری اداروں/محکموں سے درخواستیں دینے کے خواہشمند حضرات اپنے اداروں کے توسط سے درخواستیں ارسال کریں یا NOC لف کریں۔

8)۔ درخواست دہندگان درخواست کے ہمراہ 02 عدد تصاویر (تازہ) تعلیمی اسناد، کریکٹر سرٹیفکیٹ، شناختی کارڈ اور ڈومیسائل کی مصدقہ نقول لف کریں۔ انٹرویو کے دن اصل اسناد ہمراہ لائیں۔ مطلوبہ تعلیمی معیار پر پورا نہ اترنے والی درخواستیں مسترد تصور ہونگی۔

9)۔ تمام امیدواران ہر کوٹہ کیلئے علیحدہ علیحدہ درخواست جمع کروائیں۔

10)۔ تحریری ٹیسٹ میں صرف ان امیدواروں کو بیٹھنے کی اجازت ہوگی جو مطلوبہ اہلیت پر پورا اترتے ہونگے۔

11)۔ تمام درخواست دہندگان اپنا رابطہ نمبر ٹیلیفون/موبائل ضروری طور پر درخواست میں تحریر کریں۔

12)۔ اتھارٹی کو میرٹ کی بنیاد پر شارٹ لسٹنگ کا اختیار ہوگا۔

13)۔ تمام بھرتی گورنمنٹ آف پنجاب کی ریکروٹمنٹ پالیسی 2004 اور سول سیشن کورٹس اسٹیبلشمنٹ رولز 2005 کے تابع ہوگی۔

14)۔ درخواست دہندہ اپنی درخواست میں واضح طور پر تحریر کرے کہ آیا اس کا کوئی رشتہ دار سول/سیشن کورٹ خوشاب میں ملازم ہے یا نہیں۔ اگر کسی امیدوار کا کوئی رشتہ دار اس سے قبل سول یا سیشن کورٹ، خوشاب میں ملازم ہے تو درخواست دہندہ اس ضمن میں بیان حلفی جس میں رشتہ دار کا نام و عہدہ تحریر ہو بھی درخواست کے ہمراہ لف کرے گا۔

15)۔ ریکروٹمنٹ کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ تمام یا جزوی نتائج کو رد کر دے۔

16)۔ دوران ٹیسٹ موبائل فون/IT آلات کا استعمال ممنوع ہے۔

17)۔ امیدواران ٹیسٹ والے دن اصل شناختی کارڈ اور امتحانی گتہ ہمراہ لائیں۔

18)۔ ٹیسٹ یا انٹرویو کے لئے آنے والے امیدواران کو کسی قسم کا TA/DA نہ دیا جائے گا۔

قواعد وضوابط بابت آسامی سیریل نمبر 1 تا 7

1)۔ امیدوار اپنے درخواست فارم بمعہ ڈیپازٹ سلپ مبلغ -/400 روپے براہ راست CTS کی ویب سائٹ (www.ctspak.com) سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ ٹیسٹ فیس الائیڈ بینک لمیٹڈ، الفلاح بنک لمیٹڈ کی کسی بھی برانچ میں مجوزہ چالان فارم (درخواست فارم کے ساتھ لف) جمع کروائی جاسکتی ہیں۔

2)۔ CTS کا تحریری امتحان ضلع خوشاب میں لیا جائے گا۔ ٹیسٹ منعقدہ CTS کی تاریخ اور مقام بارے CTS کی ویب سائٹ کے ذریعہ امیدواران کو آگاہ کیا جائیگا۔

3)۔ CTS کے ذریعہ وصول شدہ درخواستیں مورخہ 16 اپریل 2018ء تک براہ راست CTS دفتر نمبر 32, 3rd فلور کیپٹل پلازہ G-11/Markaz اسلام آباد تک وصول ہونگی۔ تاخیر سے پہنچنے والی درخواستیں فوری طور پر مسترد کردی جائیں گی۔ فیکس پر درخواست قابل پذیرائی نہ ہوگی۔

4)۔ CTS تمام امیدواران کو رول نمبر سلپس ان کے پتہ پر ارسال کرے گا۔ رول نمبر سلپ وصول نہ ہونے کی صورت میں تمام امیدواران اپنی رول نمبر سلپس CTS کی ویب سائٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

5)۔ انٹرویو کیلئے اہل امیدواران کی لسٹیں CTS کی ویب سائٹ (www.ctspak.com) پر اپ لوڈ کردی جائیں گی۔

قواعد وضوابط بابت آسامی سیریل نمبر 8 تا 13

1)۔ آسامی سیریل نمبر 8 تا 13 کیلئے درخواست فارم ڈسٹرکٹ کورٹس کی ویب سائٹ http://www.khushab.dc.lhc.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

2)۔ درخواستیں برائے آسامی سیریل نمبر 8 تا 13 دفتر زیر دستخطی میں مورخہ 16 اپریل 2018ء تک دفتری اوقات میں وصول کی جائیں گی۔ آسامی سیریل نمبر 8 تا 13 کے ٹیسٹ/انٹرویو کیلئے شیڈول اور اہل امیدواران کی لسٹیں ڈسٹرکٹ کورٹس کی ویب سائٹ http://www.khushab.dc.lhc.gov.pk پر اپلوڈ اور دفتر ہذا کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کردی جائیں گی۔ اس بابت کوئی علیحدہ لیٹر ارسال نہ کیا جائیگا۔

(IPL-3935)

جج مشتاق احمد تارڑ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج خوشاب

Scanned by CamScanner